© rasailojaraid.com

مولانا محمد رمضان سلفی

# ملک عبدالرشید عراقی اور ان کی تصانیف



ملک عبدالرشید عراقی صاحب معروف اہل قلم اور مصنف ہیں۔ ان کی قلمی نگارشات سے پاک و ہند کے رسائل و جرائد عرصہ 46 سال سے مزین ہو رہے ہیں۔ سیرو سوانح اور تاریخ عراقی صاحب کے من پسند موضوع ہیں۔ ان پر انہوں نے کثرت سے لکھا ہے۔ لکھنے کا ان کا اپنا ایک اسلوب ہے۔ وہ اپنے مضامین میں قاری کو بہت سی اہم معلومات مہیا کرتے ہیں۔ اب تک انہوں نے جن اخبارات و رسائل میں لکھا ہے اس کی تعداد 74 ہے۔ اس میں 16 روزنامے اور 58 ہفت روزہ اور پندرہ روزے اور ماہنامے ہیں۔

## تذکرہ ابوالوفاء

اس کتاب میں فاتح قادیاں شیر اسلام حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری کے حالات، ان کی تصانیف اور ان کے رسائل کا تعارف کروایا گیا ہے۔ اپنے موضوع پر یہ ایک اہم اور دلچسپ کتاب ہے۔ جس میں عراقی صاحب نے شیخ الاسلام کی خدمات جلیلہ کے متعلق معلومات کو بڑی عرق ریزی سے جمع کیا ہے۔ اور اس موضوع پر کام کرنے والوں کے لئے بہت سا مواد فراہم کرنے کی سعی کی ہے۔

## شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ

یہ وہ کتاب ہے۔ جس میں شاہ ولی اللہ اور ان کے خاندان کے عالی مرتبت افراد شاہ عبدالعزیزؒ شاہ عبدالقادرؒ شاہ رفیع الدینؒ شاہ عبدالغنیؒ شاہ اسمٰعیل شہیدؒ شاہ محمد اسحٰقؒ اور سید محمد نذیر حسین محدث دہلویؒ کے حالات تفصیل سے قلمبند کئے گئے ہیں۔ کتاب تحقیقی اور معلوماتی ہے۔ اندازِ تحریر شگفتہ اور سلیس۔

## دو روشن ستارے

اس کتاب میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور مجدد الف ثانی کے حالات لکھے گئے ہیں اور ان عظیم شخصیات کی دینی اور علمی کوششوں کی نقاب کشائی کی گئی ہے۔ جو انہوں نے اسلام کی تبلیغ کے لئے کی ہیں۔

## سیرت ائمہ اربعہ

امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں کو لکھا گیا ہے اور اختصار کے ساتھ بہت سی اہم معلومات کو بیان کر دیا گیا ہے۔ کتاب مختصر مگر جامع ہے۔

## امام ابن تیمیہؒ

یہ کتاب شیخ الاسلام ابن تیمیہ کے حالات و واقعات پر مشتمل ہے اور شیخ کی علمی خدمات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

## مولفین صحاح ستہ اور انکے علمی کارنامے

اس وقیع کتاب میں امام مالک، امام بخاری، امام مسلم، امام ابوداؤد، امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ کے حالات زندگی اور ان کی علمی خدمات کا تذکرہ خوبصورت پیرائے میں کیا گیا ہے۔

## برصغیر پاک و ہند میں علماء اہلحدیث کی تفسیری و حدیثی خدمات

مذکورہ کتاب میں برصغیر پاک و ہند میں علمائے اہل حدیث کی علمی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ جو انہوں نے قرآن مجید کی تفسیر اور حدیث کے سلسلے میں انجام دیں۔

## ادیان باطلہ کی تردید میں علمائے اہلحدیث کی خدمات

علمائے اہل حدیث نے ہمیشہ ہی باطل فرقوں کے خلاف وعظ، تقریر، تحریر و تصنیف اور مناظروں کے ذریعے کام کیا ہے اور ان کی سرکوبی کی ہے۔ عراقی صاحب نے محنت شاقہ سے اہل حدیث علماء کی ادیان باطلہ کے خلاف تصنیفی خدمات کو ایک جگہ اکٹھا کر دیا ہے۔ یہ بہت بڑی خدمت ہے۔ جو انہوں نے انجام دی ہے۔ عراقی صاحب کی تصنیفات کا یہ ایک مختصر سا تعارف ہے۔ اس کے علاوہ ان کے کئی علمی جواہر پارے طباعت کے مراحل میں ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عراقی صاحب کو صحت و سلامتی سے رکھے اور ان کا قلم اسی طرح چلتا رہے۔ آمین



© rasailojaraid.com